THE COURAGEOUS CHILDREN
"حوصلہ مند بچے"

مصنفہ: محترمہ عائشہ عبداللہ سکاٹ
صفحات: ۴۰ ۔ قیمت درج نہیں۔

آج کل بچوں کے لیے بے شمار ایسی کتابیں لکھی جارہی ہیں ۔ جو بچوں کی نہ تو روحانی تربیت کرسکتی ہیں اور نہ ہی انہیں ذہنی بالیدگی دے سکتی ہیں ۔ اسلامک فاؤنڈیشن لیسٹر کی مسلم چلڈرنز لائبریری نے بچوں کے لیے ایسی کتابیں آسان انگریزی میں چھاپنے کا سلسلہ شروع کردیا ہے ۔ منی سی یہ کتاب جسے اردو میں "حوصلہ مند بچے" کہنا چاہیے ۔ اس میں چھ کہانیاں ہیں ، جن کے کردار وہ نوجوان لڑکے ہیں ۔ جنہوں نے آغازِ اسلام میں بہادری کا مظاہرہ کرکے عظیم الشان کارنامے سرانجام دیئے ۔ کتابچہ نہایت خوب صورت ہے ۔ اور بہترین کاغذ پر چھپا ہے ۔ ہر کہانی کے ساتھ تشریحی نقش و نگار کا ایک صفحہ موجود ہے جو خود اپنی جگہ پر اسلامی آرٹ کا خوب صورت نمونہ ہے ۔ والدین اور اسکولوں کے اساتذہ اپنے بچوں کی تعمیر سیرت کے لیے اس کتابچے کو نہایت مفید پائیں گے ۔ (فیض اللہ شہابی)

رسولِ خدا کا طریقِ تربیت

مصنف: مولانا سراج الدین ندوی ۔ ناشر: مرکزی مکتبۂ اسلامی دہلی صفحات: ۱۲۰ ۔ قیمت: ۱۶/- روپے (مناسب)

مولانا سراج الدین ندوی نے یہ کتاب جس جذبے اور شوق سے لکھی ہے ۔ وہ نہایت قابلِ قدر ہے ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو عالمِ انسانیت کے لیے رحمت بنا کر مبعوث فرمایا گیا ۔ اور آپ کی حیاتِ طیبہ کا ہر پہلو انسان کی صلاح و فلاح کا ضامن ہے ۔ بشرطیکہ ہم اس کو نمونہ بنا کر اپنی زندگیوں کو اس کے مطابق ڈھال لیں ۔ اور آپ کے نقوشِ پا کو اپنا سرمایۂ حیات بنانے کی کوشش کریں ۔ قابل مصنف نے اس کتاب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے سب سے اہم پہلو ۔۔۔ انسانوں کو تعلیم دینے اور تربیت کرنے کے انداز کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے ۔ کتاب کے کل ۲۸ ابواب ہیں ۔ جن میں نہایت اختصار کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم و تربیت کے